# جینم کینٹین کنٹریکٹ

جینم کینسر ہسپتال میں موجود مکمل تیار شدہ Purpose-built کینٹین/کیفے(2300 Square Foot)کو چلانے کے لیے مندرجہ ذیل شرائط پہ رضامندی کے ساتھ تجربہ کار کنٹریکٹر کی ضرورت ہے۔

1۔ کنٹین کا کنٹریکٹ تکنیکی پیشکش میں اہلیت جاننے کے بعد کم ریٹ رکھنے والے، زیادہ کرایہ دینے والے اور ٹیکس دہندہ ٹھیکیدار کو دیا جائے گا۔
(Attach Tax Certificate)

2. کنٹریکٹر کے لیے ضروری ہے کہ کم از کم ایک پراجیکٹ کسی اچھے ادارے کے ساتھ کر رہا ہو۔
(Attach copy of contract award)

3. کنٹین کا مقررہ کرایہ اور بل ہر ماہ کی دس تاریخ تک جمع کروانا ہو گا۔

4. 03ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی (قابلِ واپسی) ایڈوانس جمع کروانا ہو گا۔

5. کنٹین کا کرایہ ہر سال تجدیدِ معاہدہ کے وقت 10 فیصد بڑھایا جائے گا۔

6. یوٹیلیٹی بلز (بجلی، پانی) کمرشل ریٹ پر چارج کیے جائیں گے۔

7. کنٹین کا ابتدائی معاہدہ ایک سال کا ہو گا جو دونوں فریقین کی رضامندی کے ساتھ قابلِ تجدید ہو گا۔

8. کنٹین کنٹریکٹر فرنیچر اور دیگر سامان جو کہ ادارہ کی ملکیت ہو گا اس کی حفاظت و سالمیت کا ذمہ دار ہو گا۔ کسی قسم کے نقصان کا ذمہ دار کنٹریکٹر ہو گا اور وہی پورا کرے گا۔

9. کنٹین کمیٹی اس امر کی مجاز ہے کہ وہ کسی بھی وقت صفائی، اشیاء خورد و نوش کا معیار اور سروس کا معیار بھی چیک کر سکتی ہے بصورتِ دیگر مناسب جرمانہ یا ایک ماہ کے نوٹس پہ معاہدہ کی تنسیخ کر سکتی ہے۔ اس صورت میں کلیئرنس کروانا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہو گا۔ علاوہ ازیں دیگر معاملات میں ڈائریکٹر جینم کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

10. کمیٹی سے منظور شدہ ریٹ لسٹیں نمایاں جگہ پر آویزاں کرنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہو گی۔

11. کسی بھی چیز کا ریٹ کینٹین کمیٹی کی اجازت کے بغیر نہیں بڑھایا جائے گا۔

12. کمنی پراڈکٹس پر نٹڈ پرائس سے زیادہ قیمت نہیں لی جائے گی۔

13. کنٹین کی سجاوٹ/صفائی وغیرہ کروانا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہو گی۔

14. کھاتہ داری کے لیے کمپیوٹرائزڈ پرنٹ شدہ رسید جس پر نمبر موجود ہو گا استعمال کی جائے گی تاکہ سرکاری اور قانونی معاملات میں استعمال کی جا سکے۔

15. کنٹین میں بہترین کراکری استعمال کی جائے گی اور کھانے کے لیے سٹیل کی چھری، چمچ اور کانٹا فراہم کئے جائیں گے۔ شکایت کی صورت میں کنٹین کنٹریکٹر جواب دہ ہو گا۔

16. کنٹین کمیٹی کسی ایک یا تمام درخواستیں مسترد کرنے کی مجاز ہے۔

17. غیر معیاری اشیاء کی فروخت کی اجازت نہ ہو گی۔

18. کینٹن ورکرز کا اہل و تجربہ کار ہونا ضروری ہے۔ ان کی سیکیورٹی کلیرنس/لوکل پولیس ویریفیکشن کروانا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہو گی۔

19. کوئی سرکاری ملازم ٹینڈر میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

20۔ کنٹریکٹر اشیاء خورد ونوش ودیگر ضروری سامان کی کی ایک تفصیلی فہرست مہیا کرے گا۔

21. کینٹین/کیفے کی دیکھ بھال اور بحالی و مرمت کی زمہ داری کنٹریکٹر کی ہو گی۔ کمیٹی مندرجہ بالا تمام امور کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے ماہانہ وزٹ کرے گی۔

22. ٹینڈر اوپننگ کے دن کھانے کا معیار چیک کروانا ہو گا اور اسی معیار کو برقرار رکھنا ہو گا۔

23. درخواستیں (بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی اور کرایہ کی پیشکش کا 5 فیصد بطور Earnest Money) مورخہ 30 مارچ 2026 دوپہر 12:00 بجے تک دفتر ہذا جمع کروانی ہو گی جو کہ اسی روز 12:30 پہ دفتر میں درخواست دہندگان کی موجودگی (اگر کوئی آنا چاہے) کھولی جائیں گی۔

24. کھانے پکانے میں استعمال ہونے والی تمام اشیاء کو کمیٹی سے منظور کروانا ہو گا۔

25. کنٹریکٹر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام ورکرز مریضوں/سٹاف کے ساتھ نہایت خوش اخلاقی سے پیش آئیں گے اور کسی جھگڑے کی صورت میں اُس ورکر کو چینج کیا جائے گا۔

26. کسی تنازع کی صورت میں کمیٹی/ڈائریکٹر جینم کا فیصلہ آخری ہو گا، جو کہ کسی کورٹ میں قابلِ چیلنج نہ ہو گا۔

27. تمام قوانین/شرائط وضوابط اسٹام پیپر پر دینا ہوں گی۔

28. تکنیکی پیشکش Technical Bids کو منسلک criteria کی بنیاد پہ پرکھا جائے اور صرف اہل امیدواران کی مالی پیشکش Financial Bids کو مزید کاروائی کے لیے کھولا جائے۔

29. منسلک مینو کے مطابق کھانے کا ریٹ ٹینڈر کے ساتھ جمع کروانا ہو گا۔ جس کے اپنے مخصوص نمبر ہوں گے۔ مجوزہ مینو صرف کم از کم کھانے کی تیاری کے لیے ہے۔ مزید بکری کے پیشِ نظر کنٹریکٹر اضافی، معیاری اور مناسب نرخوں پہ کھانے کی چیزوں کی تیاری وفراہمی کمیٹی کے علم میں لا کر کر سکتا ہے۔

30. کنٹریکٹ ایوارڈ کرنے سے پہلے کمیٹی متعلقہ فرم کے کسی ایک پراجیکٹ کا دورہ کرتے ہوئے، کسٹمر کا فیڈ بیک لے گی اور کنٹریکٹ ایوارڈ یا کینسل کرنے کا محفوظ حق استعمال کرے گی جو کسی کورٹ میں چیلنج نہ ہو سکے گا۔

نوٹ: امیدواران کینٹین/کیفے کا معائنہ کرنے کے لیے ایڈمن ڈیپارٹمنٹ جینم رابطہ کر سکتے ہیں۔

(ایڈمنسٹریٹر)

جینم کینسر ہسپتال

نظام پور، سیالکوٹ روڈ، گوجرانوالہ

# WEEKLY MENU

Café Timings: 08:00 am to 08:00 pm

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | آئٹم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چنے<br>روٹی پراٹھا<br>چائے | چنے<br>روٹی پراٹھا<br>چائے | چنے<br>روٹی پراٹھا<br>چائے | چنے<br>روٹی پراٹھا<br>چائے | آلو پراٹھا<br>آملیٹ<br>سلائس<br>چائے | پراٹھا<br>آملیٹ<br>سلائس<br>چائے | Breakfast<br>Start 08:00 am |
| برگر | - | چکن سینڈوچ<br>فُل بریڈ | فروٹ چاٹ<br>250gپلیٹ | سموسے | دہی بھلے<br>250gپلیٹ | Snacks |
| بیف قیمہ 200g<br>روٹی/نان<br>براؤن رائس<br>سبزی | چکن پلاؤ 230g<br>رائتہ | چکن چنے<br>250gپلیٹ<br>چاول 200g<br>نان/روٹی | بروسٹ پیس<br>رائتہ<br>دال<br>نان/روٹی | بریانی چکن<br>250gپلیٹ | چکن قورمہ<br>250gپلیٹ<br>سبزی<br>نان/روٹی | Meal<br>Till 08:00 pm |

(ایڈمنسٹریٹر)

### TECHNICAL EVALUATION CRITERIA

| Sr. | Description | Detail | Criteria | Points | Max Score |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | Valid License for sale of Food | License from Food Department would be required. | If already obtained license from concerned directorate | 10 | 10 |
| 02 | Working Experience | Experience of the firm (only with reputable Govt. / private institutions with certificates) | Less than one year | 00 | 10 |
| | | | 1-2 Year Experience | 05 | |
| | | | More than 02 years | 10 | |
| 03 | Previous / current projects | No of previous / ongoing projects- | 1-2 Projects / clients | 05 | 10 |
| | | | 03 or above | 10 | |
| 04 | Manpower Detail | Number of Canteen Staff | Less than five | 00 | 10 |
| | | | 5-7 | 05 | |
| | | | 8-10 | 10 | |
| 05 | Financial Position | Bank Statement | Upto 1 Million | 02 | 10 |
| | | | Upto Rs. 1.5 Million | 05 | |
| | | | Upto Rs. 2 Million | 10 | |
| 06 | Tax Paid Challan | Tax payment record must be attached | No Tax Paid | 00 | 10 |
| | | | Tax paid for two years | 02 | |
| | | | Tax Paid for 4 years | 05 | |
| | | | Tax Paid for more than 04 years | 10 | |
| 07 | Rate of eatables | Proposed Rate to attached Menu must be provided | Reasonability of Rates would be assessed. | 10 | 10 |
| 08 | Business Model | Provide your proposed / planned business model to execute the Canteen operations. | Suitability, patients' ease, working plan will be assessed by the committee. | 10 | 10 |
| 09 | Taste | Taste to one of the dishes mentioned in menu would be ask to prepare in Hospital's Kitchen on opening day of tender. | The taste of that dish would be assessed by committee. | 10 | 10 |
| 10 | Presentation | - | - | 10 | 10 |
| | | | | Total: | 100 |

Bidders obtaining 70% marks or above in the technical evaluation will be considered technically qualified and eligible for opening of the financial bids. However, if fewer than five bidders obtain 70% marks, then the top five bidders based on highest technical scores will be declared technically qualified, and their financial bids will be opened for further evaluation.

**(Administrator)**
GINUM Cancer Hospital,
Nizampur, Sialkot Road, Gujranwala.